16/12/2021

پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

ریاستی ملازمین کو یکم جولائی 2021 سے 31 فیصد مہنگائی بھتہ کی ادائیگی منظور

لکھنؤ: ۱۶/ دسمبر ۲۰۲۱ء-

اتر پردیش حکومت نے ریاست کے تمام کل وقتی ریگولر ریاستی ملازمین، امداد یافتہ تعلیمی اور تکنیکی تربیتی اداروں نیز بلدیاتی اداروں کے ریگولر اور کل وقتی ملازمین، یو جی سی پے اسکیل میں برسر کار عہدے داران کو مورخہ یکم جولائی 2021 سے 31 فیصد مہنگائی بھتہ کی ادائیگی کی منظوری دے دی ہے۔اس ضمن میں محکمۂ مالیات کے ذریعہ حکم نامہ جاری کر دیا گیا ہے۔

☆☆☆☆☆